© rasailojaraid.com



پر نہ چلے۔ وہ اپنے زندہ ضمیر کے ساتھ رہنمائی کرے۔

اس کتاب میں شامل تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مصنفین اسلامی اور مغربی فکر سے مکمل طور پر روشناس ہیں اور وہ نہایت اخلاص کے ساتھ انقلابی فکر کو پیش کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ یہ کتاب علمی حلقوں کو متوجہ کرے گی۔

(تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● **مفسر قرآن نمبر (ماہنامہ ''نصرت العلوم'')**　مدیر: مولانا محمد فیاض خان سواتی

ضخامت: 478 صفحات　قیمت: 300 روپے　ناشر: جامعہ نصرت العلوم، فاروق گنج، گوجرانوالہ

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی رحمتہ اللہ علیہ (1917ء۔2008ء) ماضی قریب کی عظیم علمی و روحانی شخصیت تھے۔ دارالعلوم (دیوبند) کے فاضل اور شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی کے مایہ ناز شاگرد تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی نصرت کے لیے انھیں قبول کر لیا تھا۔ انھوں نے دروسِ قرآن اور دروسِ حدیث کے ذریعے بلا مبالغہ ہزاروں انسانوں کی زندگیوں میں دینی انقلاب برپا کیا۔ تفسیر قرآن، شرحِ حدیث، نمازِ مسنون اور ان کی دیگر تصانیف بلاشبہ قیمتی علمی اثاثہ ہیں جن سے تشنگانِ علم و تحقیق فیض پاتے رہیں گے۔ ان کی یاد میں ماہنامہ ''نصرت العلوم'' کی خصوصی اشاعت سوانح و تذکرہ کے باب میں ایک وقیع اضافہ ہے۔ اس میں صرف ایک شخصیت کا ہی تذکرہ نہیں بلکہ ماضی و حال کی کئی اہم شخصیات کے واقعات بھی آ گئے ہیں۔ اس اشاعت کے مطالعے سے علماءِ حق اور قافلۂ حق و صداقت کے مجاہدانہ کارنامے اور اُن کی دینی و علمی خدمات سے بھی واقفیت حاصل ہوتی ہے۔

حضرت صوفی صاحب ایک متحرک انسان تھے۔ اپنے گرد و پیش پر اُن کی گہری نگاہ تھی۔ عصری دینی و سیاسی تحریکوں کا وسیع مطالعہ تھا۔ وہ صرف فکری ہی نہیں عملی انسان تھے۔ قیامِ پاکستان سے قبل 1935ء تا 1945ء مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ رہے اور پھر جمعیت علماء سے منسلک ہو گئے۔ وہ حضرت مدنی اور حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری سے بے پناہ محبت رکھتے تھے۔

ماہنامہ ''نصرت العلوم'' نے آپ کی رحلت پر (اگست تا اکتوبر 2008ء) خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا۔ جس میں آپ کے شاگردوں، عقیدت مندوں اور ہم عصروں کے 98 مضامین شامل ہیں۔ تعزیتی پیغامات، تعزیتی مکاتیب، اخبارات و جرائد کے شذرات، تعزیتی جلسوں میں بیانات، منظوم خراجِ تحسین، حضرت صوفی صاحب رحمہ اللہ کے نام اکابر اور ہم عصر علماء کے خطوط، تعلیمی اسناد کے عکس، جامعہ نصرت العلوم کے مختلف شعبوں کی تصاویر اس خصوصی اشاعت کی زینت اور تاریخ کا اثاثہ ہیں۔ جامعہ نصرت العلوم آپ کی علمی یادگار بھی ہے اور فکری تحریک بھی جو صدقۂ جاریہ کے طور پر ہمیشہ قائم رہے گا۔ (ان شاء اللہ) یہ ''نمبر'' گزشتہ سال ہمیں موصول ہوا۔ ہم معذرت خواہ ہیں کہ کتابوں کے انبار میں گم ہو جانے کی وجہ سے اس پر تبصرہ نہیں ہو سکا۔ حضرت مولانا محمد فیاض خان سواتی مدظلہ اور اُن کے معاونین اس تاریخی دستاویز کی جمع و تدوین اور اشاعت پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ مفسر قرآن نمبر شخصیات کے تذکروں میں ہمیشہ زندہ رہے گا۔ (تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری)



© rasailojaraid.com